سوال

ایک شخص کی بیوی کو ماہواری سات دن تک جاری رہتی ہے اور وہ اس دوران صبر نہیں کر سکتا اس لیے کہ اس کی جنسی رغبت قوی ہے تو اسے کیا کرنا چاہیے تا کہ وہ اس مشکل کو حل کر سکے ؟

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کے لیے، اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعد ازاں :

سوال نمبر (36722) کے جواب میں یہ بات بیان ہو چکی ہے کہ آدمی کے لیے حالت حیض اور نفاس میں جماع کے علاوہ باقی سب کچھ جائز ہے اور ہر قسم کا استمتاع کر سکتا ہے ۔

اس لیے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے جب حائضہ عورت سے مباشرت کے بارہ میں سوال کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا جواب تھا :

(نکاح کے علاوہ باقی سب کچھ کرو) یعنی جماع کے علاوہ صحیح مسلم حدیث نمبر (302) ۔

اور خاوند کو اپنی شھوت پوری کرنے کے لیے ایک اور بھی وسیلہ ہے کہ وہ بیوی کی رانوں کے مابین یا پھر بیوی کے ہاتھ سے اسے پورا کر لے اس کی دلیل اللہ تعالی کے فرمان کا عموم ہے :

اور وہ لوگ جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرتے ہیں ہاں ان کی بیویوں اور لونڈیوں کے بارہ میں جن کے وہ مالک ہیں ان پر کوئی ملامت نہیں المعارج (29-30) ۔

آپ مزید تفصیل کے لیے سوال نمبر (826) کے جواب کا بھی مراجعہ کریں ۔

واللہ اعلم .

الاسلام سوال و جواب

36740